# اسکول میں داخلہ کی درخواست

بخدمت محترمہ پرنسپل صاحبہ حمیدیہ گرلس انٹر کالج

الہ آباد

**محترمہ صاحبہ!**

آپ سے ادب کے ساتھ گزارش ہے کہ میرے والد ایک سرکاری بینک میں کام کرتے ہیں اور ان کا تبادلہ بنارس سے الہ آباد کر دیا گیا ہے۔ اس وجہ سے ہم سب کو الہ آباد آنا پڑ گیا ہے اور مجھے آپ کے اسکول میں داخلہ لینا ہے۔ تبھی میں آگے کی تعلیم مکمل کر پاؤں گی۔

آپ سے تہہ دل سے گزارش ہے کہ میرا داخلہ اپنے اسکول کی دسویں کلاس میں فرمائیں۔آپ کی مہربانی ہو گی۔

**(شکریہ)**

**نام۔۔۔۔۔۔**

**تاریخ۔۔۔۔۔۔**

# فیس میں رعایت کی درخواست

بخدمت محترمہ پرنسپل صاحبہ حمیدیہ گرلس انٹر کالج

الہ آباد

**محترمہ !**

آپ سے گزارش ہے کہ میں آپ کے اسکول کی دسویں

کلاس کی طالبہ ہوں اور میں ہمیشہ پڑھائی میں اول درجہ

لاتی ہوں۔ مجھے پڑھنے کا بہت زیادہ شوق ہے لیکن

میرے والد کی تنخواہ اتنی زیادہ نہیں ہے کہ وہ گھر

چلانے کے ساتھ ساتھ میری تعلیم کا بھی خرچ اٹھا

سکیں۔اس لئے آپ سے تہہ دل سے گزارش ہے کہ

میری فیس معاف کرنے کی مہربانی کریں۔ تاکہ میں اپنی آگے کی پڑھائی مکمل کر سکوں۔ آپ کی عین نوازش ہو گی۔

**آپ کی فرماں بردار۔**

**نام۔۔۔۔۔۔۔۔**

**کلاس۔۔۔۔۔۔۔**

**رول نمبر۔۔۔۔۔۔**

**تاریخ۔۔۔۔۔۔۔**

بخدمت جناب پرنسپل صاحب دہلی۔ پبلک۔اسکول نئ

دہلی۔

جناب عالی !

گزارش ہے کہ بندہ کے بڑے بھائی کی شادی ہے اور

برات بینگلور جائے گی۔اس لئے حضور والا سے

درخواست کرتا ہوں کہ رخصت چار یوم کی 5اگست

سے 8اگست 2010ء تک مرحمت فرمائی جائے۔

جناب کی عین نوازش ہو گی۔

نیاز مند:

محمد اشرف خان

رول نمبر- 07

کلاس :7th

دہلی پبلک

سکول۔